# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON ENERGY (PETROLEUM DIVISION) ON THE POINT OF ORDER RAISED BY RAJA PERVAIZ ASHRAF, MNA

I, Chairman of the Standing Committee on Energy (Petroleum Division), have the honour to present this report on the point of order, referred to the Standing Committee on 7th February, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Mr. Imran Khattak** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Junaid Akber | Member |
| 3. | Malik Anwar Taj | Member |
| 4. | Mr. Noor Alam Khan | Member |
| 5. | Mr. Shahid Ahmad | Member |
| 6. | Choudhary Aamir Sultan Cheema | Member |
| 7. | Sardar Talib Hussain Nakai | Member |
| 8. | Makhdoomzada Syed Basit Ahmed Sultan | Member |
| 9. | Mr. Jai Parkash | Member |
| 10. | Nawabzada Shah Zain Bugti | Member |
| 11. | Chaudhary Khalid Javed | Member |
| 12. | Mr. Khurram Dastagir Khan | Member |
| 13. | Ch. Muhammad Barjees Tahir | Member |
| 14. | Sardar Muhammad Arfan Dogar | Member |
| 15. | Mr. Murtaza Javed Abbasi | Member |
| 16. | Mahar Irshad Ahmed Khan | Member |
| 17. | Shazia Marri | Member |
| 18. | Mr. Roshanuddin Junejo | Member |
| 19. | Mr. Zahid Akram Durrani | Member |
| 20. | Mr. Ghous Bux Khan Mahar | Member |
| 21. | Minister for Energy | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the point of order placed at Annex-A, in its meeting held on 28th July, 2021. Managing Director OGDCL and GM North assured that the system is being upgraded and the issue will be resolved in the start of Financial Year 2021-22. The Committee recommended that, the point of order be disposed off by the National Assembly.

-sd/-
**(IMRAN KHATTAK)**
Chairman

-sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary

Islamabad, the 20th September, 2021

**ANNEXURE -A**

**Mr. Deputy Speaker: Mr. Raja Pervez Ashraf:**

**Raja Pervez Ashraf**: Thank you Mr. Speaker. Absolutely problems are in abundance and shortly before me, an honourable members from the treasury benches was telling that Islamabad, the capital is facing shortage of water. Whether or not, the problems are enormous.

**Mr. Deputy Speaker**: there is scarcity of water in my own constituency Quetta, there is no gas and no water:

**Raja Pervez Ashraf**, I would like to highlight the issues being faced in my constituency Gujjar Khan sir, the above are being discussed. Many crises were discussed today, the crises of wheat, flour, sugar, water etc, what I am freely to inform is that in my city Gujjar Khan, there has been consistently no gas for may days and that too without any schedule, and the situation has aggravated to suh an extent tent people are in a state of severe anguish. Our children are not going to school. Meals could not be cooked and mothers, sisters, daughters are cursing the authorities. And yesterday, they wanted to block the G.T. Road. I went there and intervened; requested them if they block G.T. Road, all the passengers/travellers would have to face the difficulties so they should avoid such action; I would request you to summon the gas authorities here and ask them as to why gas has not been supplied to the people of the whole city and the adjacent villages; There should be some sound reason for this. I think this issue of gas has turned into a very sever crisis. It my create a law and order situation. Therefore Mr. Speaker; I would request you to personally intervene in this matter and summon the gas authorities. I would also like to participate in the huddle so as to solve the issue of gas supply to such a huge population. Thanks.

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**راجہ پرویز اشرف، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے اٹھائے گئے نکتہ اعتراض پر قائمہ کمیٹی برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (پیٹرولیم ڈویژن) ۷ر فروری، ۲۰۲۰ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ نکتہ اعتراض پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب عمران خٹک | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب جنید اکبر | رکن |
| ۳۔ | ملک انور تاج | رکن |
| ۴۔ | جناب نور عالم خان | رکن |
| ۵۔ | جناب شاہد احمد | رکن |
| ۶۔ | چوہدری عامر سلطان چیمہ | رکن |
| ۷۔ | سردار طالب حسین نکئی | رکن |
| ۸۔ | مخدوم زادہ سید باسط احمد سلطان | رکن |
| ۹۔ | جناب جے پرکاش | رکن |
| ۱۰۔ | نوابزادہ شازین بگٹی | رکن |
| ۱۱۔ | چوہدری خالد جاوید | رکن |
| ۱۲۔ | جناب خرم دستگیر خان | رکن |
| ۱۳۔ | چوہدری محمد برجیس طاہر | رکن |
| ۱۴۔ | سردار محمد عرفان ڈوگر | رکن |
| ۱۵۔ | جناب مرتضیٰ جاوید عباسی | رکن |
| ۱۶۔ | مہر ارشاد احمد خان | رکن |
| ۱۷۔ | شازیہ مری | رکن |
| ۱۸۔ | جناب روشن دین جونیجو | رکن |
| ۱۹۔ | جناب زاہد اکرم درانی | رکن |
| ۲۰۔ | جناب غوث بخش خان مہر | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے توانائی | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۸ر جولائی، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔ الف پر دیئے گئے نکتہ اعتراض پر غور کیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر او جی ڈی سی ایل اور جی ایم نارتھ نے یقین دہانی کرائی کہ سسٹم کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے اور مالی سال ۲۲-۲۰۲۱ء کے آغاز میں یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی نکتہ اعتراض کو نمٹا دے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری
اسلام آباد، ۲۰ر ستمبر، ۲۰۲۱ء

دستخط/۔
**(عمران خٹک)**
چیئرمین

"منسلکہ الف"

**جناب ڈپٹی سپیکر:** جناب راجہ پرویزاشرف صاحب۔

**راجہ پرویزاشرف:** شکریہ، جناب سپیکر بالکل مسائل بے پناہ ہیں اور ابھی treasury بینچ نے honourable ممبر بات کر رہے تھے کہ اسلام آباد جو capital ہے یہاں پانی کی shortage ہے یا نہیں ہے، بہت بڑے مسائل ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** میرے اپنے حلقے کوئٹہ میں بھی پانی نہیں ہے، وہاں پر نہ گیس ہے، نہ پانی ہے۔

**راجہ پرویزاشرف:** میں اپنے حلقے گجر خان کے بارے میں، جناب والا ان بحرانوں کی بات ہو رہی تھی، آج کئی بحرانوں کی بات ہوئی، گندم بحران کی بات ہوئی، آٹے کی، چینی کی، پانی کی تو میں یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ میرے شہر گجر خان میں متواتر کئی دن سے کسی بھی شیڈول کے بغیر گیس غائب ہے اور حالت یہ ہو گئی ہے کہ ساری عوام بلبلا اٹھی ہے۔ ہمارے بچوں سکولوں میں نہیں جا رہے، کھانا نہیں پک رہا اور وہاں مائیں، بہنیں، بیٹیاں بد دعائیں دے رہی ہیں اور کل وہ جی ٹی روڈ بلاک کرنا چاہ رہے تھے۔ میں نے جا کر intervention کی، ان سے گزارش کی کہ جی ٹی روڈ کو بند کرنے سے باقی تمام مسافروں کو دشواری ہوتی ہے آپ نہ کریں، میں آپ سے گزارش کروں گا کہ آپ ان گیس کے حکام کو بلائیں اور ان سے پوچھیں یہ کیونکہ ممکن ہے کہ پورے شہر اور گرد و نواح کے دیہات کی آبادی کو اتنے دن سے کیوں گیس نہیں مل رہی؟ آخر اس کی کوئی وجہ ہونی چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ گیس کا یہ جو معاملہ ہے یہ بڑے شدید بحران کی شکل اختیار کر چکا ہے، law and order situation ہونے کا خطرہ ہے لہذا جناب سپیکر میری آپ سے گزارش ہو گی کہ آپ personally اس میں intervention کریں اور گیس حکام کو بلائیں۔ میں بھی ان کے ساتھ بیٹھنا چاہتا ہوں تاکہ اتنی بڑی آبادی کا جو گیس کا مسئلہ ہے اس کو حل کیا جائے، شکریہ۔